© rasailojaraid.com



جب کہ کتاب کا تیسرا حصہ اس سلسلہ میں تیار حوالہ کا کام دیتا ہے۔ اور مصنف نے اس میں سن اھ (مطابق ۶۲۲ء) تا ۱۶۸۰ھ (مطابق ۲۲۵۲ء) یعنی ۱۶۸۰ سال کی تقابلی تقویم کا نقشہ ترتیب دیا ہے، جس میں تمام انگریزی و عربی سنین کے ہر ماہ کا دن اور انگریزی و عربی تاریخ درج کی گئی ہے۔ یہ نقشہ کتاب کے ۱۱۲ صفحات کو محیط ہے — کتاب کے آخر میں اسلام اور مسلمانوں کی تاریخ سے متعلق اہم واقعات کے ہجری اور عیسوی سنین، بقید ماہ وسال درج کیے گئے ہیں — کتاب ہر لحاظ سے افادیت کی حامل ہے اور مصنف کی ذہانت وعلمیت ومہارت کا منہ بولتا ثبوت — اللّٰھمّ زد فزد! — دعا ہے، اللہ تعالیٰ مولانا کو خدمتِ دینِ حقہ کی مزید توفیق ارزانی فرمائے۔ آمین!

**(۲)**

نام کتاب : آدابِ حج۔

مؤلف : مولانا سعید مجتبیٰ السّعیدی (فاضل مدینہ یونیورسٹی)

ضخامت : تقریباً ڈیڑھ سو صفحات، جیبی سائز۔

ملنے کا پتہ : لجنۃ القارۃ الھندیۃ جمعیۃ احیاء التّراث الاسلامی ص ب ۵۵۸۵، الصفات ۱۲۰۵۶۔ الکویت۔

مولانا سعید مجتبیٰ سعیدی ایک جواں سال، ذہین، عالم باعمل شخصیت ہیں۔ مدینہ یونیورسٹی سے فراغت کے بعد جامعہ رحمانیہ لاہور میں ایک مدت تک تدریس کے فرائض سرانجام دیتے رہے، یہیں سے ایم۔ اے کا امتحان پاس کیا۔ آج کل آپ منکیرہ (بھکر) میں گورنمنٹ کمرشل ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ کے شعبہ اسلامیات کے پرنسپل ہیں۔ جماعتی جرائد و رسائل میں آپ کے مضامین وفتاویٰ اکثر وبیشتر شائع ہوتے رہتے ہیں۔ حج کے موضوع پر چھوٹی بڑی بے شمار کتابیں لکھی گئی ہیں، اور عربی زبان کے علاوہ اردو میں بھی مصنفین و مرتبین نے حج کا طریقہ اور اس کے احکام ومسائل بڑی محنت سے لکھے اور جمع کیے ہیں۔ مولانا سعیدی صاحب چونکہ ایک معقول مدت تک سعودی عرب میں مقیم رہے، اور فریضۂ حج ادا کرتے رہے، اس دوران ان کے مشاہدہ میں یہ بات آئی کہ حج کے موضوع پر لکھی گئی اکثر وبیشتر کتابیں پڑھے لکھے حضرات کے لیے تو مفید ہیں، لیکن ایک عام آدمی کو ان سے خاطر خواہ راہنمائی نہیں ملتی، اور کتابیں پاس موجود ہونے کے باوجود بہت سے حجاج کرام پریشانی کا شکار ہے۔ لہٰذا انہوں نے ضرورت محسوس کی کہ طوالت سے

© rasailojaraid.com